# Marking Scheme of Practice Question Paper: 2021-22

## Term-I

Class: X — Subject: URDU-B (303)

Time: 90 Minutes — MM: 40

**عام ہدایات:**

1۔اس سوال نامہ میں کل 50 کثیر انتخابی سوالات (MCQ) ہیں۔

2۔سوال نامہ تین حصّوں پر مشتمل ہے۔حصّہ الف، حصّہ ب اور حصّہ ج۔

3۔حصّہ 'الف' دو غیر درسی اقتباسات (نثری اور شعری) پر مشتمل ہے۔ہر اقتباس میں 6 سوالات ہیں۔ان میں سے صرف پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔

4۔حصّہ 'ب' میں کل 13 سوالات ہیں۔ان میں سے صرف 10 سوالوں کے جواب دیجیے۔

5۔حصّہ 'ج' میں کل 25 سوالات ہیں۔ان میں سے صرف 20 سوالوں کے جواب دیجیے۔

6۔سبھی سوالات کے نمبر برابر ہیں۔یعنی ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

**حصّہ: الف**

(i) درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں میں سے صرف پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔

بچپن ہی سے گرونانک کی عادتیں عام بچّوں سے مختلف تھیں۔انھیں کھیل کود کا شوق نہیں تھا۔ جیب خرچ کے پیسے بھی وہ اپنی ذات پر خرچ کرنے کے بجائے ضرورت مندوں میں تقسیم کردیتے تھے۔ جب ان کی تعلیم کا سلسلہ شروع ہوا تو انھوں نے فارسی زبان اور حساب بہت حد تک سیکھ لیا۔آگے پڑھائی میں ان کا جی نہیں لگا۔ جب وہ بڑے ہوئے تو ان کے والد نے پہلے کھیتی باڑی اور پھر تجارت کرنے کے لیے کہا۔ انھوں نے کسی کام میں دل چسپی نہیں لی کیونکہ ان کا دل دنیا داری میں نہیں لگتا تھا۔

ایک دن گرونانک کے والد نے انھیں کچھ روپیے دے کر لاہور بھیجا اور کہا کہ ایسا کھرا سودا کرنا جس سے کچھ نفع ہو۔ انھوں نے بالا نام کا ایک نوکر بھی ساتھ کردیا۔ راستے میں انھیں کچھ فقیر نظر آئے جو بہت بھوکے تھے۔گرونانک نے ان کو کچھ روپیے دینے چاہے لیکن فقیروں نے کہا: ''یہ پیسے ہمارے کس کام کے؟

1- گرونانک کو کس کا شوق نہیں تھا؟

A کھیل کود کا ✓

B بولنے کا

C بازا جانے کا

D تجارت کا

2- گرونانک کا دل کس میں نہیں لگتا تھا؟

A دنیاداری میں ✓

B کھانے میں

C گھومنے میں

D بات کرنے میں

3- گرونانک کے والد نے انھیں کچھ روپئے دے کر کہاں بھیجا؟

A کراچی

B لاہور ✓

C سیال کوٹ

D دلّی

4- بچپن سے ہی گرونانک کی عادتیں کس سے مختلف تھیں؟

A اسکولی بچوں سے

B گھریلو بچوں سے

C گاؤں کے بچوں سے

D عام بچوں سے ✓

5- جیب خرچ کے پیسے کو گرونانک کس میں تقسیم کر دیا کرتے تھے؟

A دوستوں میں

B ساتھیوں میں

C ضرورت مندوں میں

D فقیروں میں

6- جو نوکر گرونانک کے ساتھ گیا تھا اس کا کیا نام تھا؟

A مونو

B بالا ✓

C قاسم

D موتی

(ii) درج ذیل غیر درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں میں سے صرف پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔

چراغوں کی طرح جلنا سکھایا
درختوں کی طرح پھلنا سکھایا
نئے حالات میں ڈھلنا سکھایا
پکڑ کر انگلیاں چلنا سکھایا
محبّت باپ ماں سے ہم کریں گے
بتائیں کیا وہ کتنے مہرباں ہیں
سلگتی دھوپ میں وہ سائباں ہیں
جو ہم ہیں پھول تو وہ گلستاں ہیں
ہماری روح کا وہ آشیاں ہیں
محبّت باپ ماں سے ہم کریں گے

7- شاعر کس سے محبت کرنے کی بات کر رہا ہے؟

A ماں باپ سے ✓

B ماں سے

C باپ سے

D خود سے

8- شاعر نے ماں باپ کو کس کا آشیاں بتایا ہے؟

A ہمارے جسم کا

B ہماری روح کا ✓

C ہماری دولت کا

D ہماری خوشی کا

9- شاعر نے کس کو سلگتی دھوپ میں سائباں کی طرح بتایا ہے؟

A ماں باپ کو ✓

B ماں کو

C باپ کو

D وکیل کو

10- 'جو ہم ہیں پھول تو وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں' (مصرع مکمل کیجیے)

A آسماں

B گلستاں ✓

C کہکشاں

D سائباں

11- والدین نے ہم کو کس میں ڈھلنا سکھایا ہے؟

A پرانے حالات میں

B نئے حالات میں ✓

C محفل میں

D اسکول میں

12- ماں باپ نے ہمیں کس کی طرح پھلنا سکھایا ہے؟

A بازاروں کی طرح

B درختوں کی طرح ✓

C پھولوں کی طرح

D پھلوں کی طرح

## حصّہ: ب

(**ہدایت:** اس حصّے میں کل 13 سوالات ہیں، آپ ان میں سے صرف 10 سوالوں کے جواب دیجیے۔)

13- 'اسلم میدان میں کھیل رہا ہے۔' اس جملہ میں کون سا فعل ہے؟

A فعلِ حال ✓

B فعلِ مستقبل

C فعلِ ماضی

D فعلِ ناقص

14- 'حامد میدان میں دوست کے ساتھ کھیلتا ہے۔' اس جملے میں کون سا لفظ اسم معرفہ (اسم خاص) کی مثال ہے؟

A میدان

B دوست

C کھیلتا

D حامد ✓

15- بچوں کے سب سے پسندیدہ اور اہم ادیب کون ہیں؟

A اسمٰعیل میرٹھی ✓

B غالبؔ

C میرؔ

D ذوقؔ

16- 'خوش نما' سے کیا مراد ہے؟

A خوب صورت ✓

B صحت مند

C خوشی

D نمائش

17- کنھیالال کپوؔر کہاں پیدا ہوئے؟

A لکھنؤ میں

B دلّی میں

C حیدرآباد میں

D لاہور میں ✓

18- نظیر اکبرآبادی کا پورا نام کیا ہے؟

A علی محمد

B ولی محمد ✓

C ولی احمد

D اسداللہ

19- 'قول کا پاس' کس کی کہانی ہے؟

A کنھیالال کپور کی

B احتشام حسین کی

C پریم چند کی ✓

D محمد مجیب کی

20- 'رائگاں' کے کیا معنی ہیں؟

A بے کار ✓

B غافل

C خوب صورت

D گانے والا

21- میر انیسؔ کا اصل نام کیا ہے؟

A شبیر حسن

B دھنپت رائے

C میر ببر علی ✓

D میر تقی

22- وہ نشان جو جملے کے ختم ہونے پر لگاتے ہیں، اسے کیا کہتے ہیں؟

A ختمہ (۔) ✓

B سکتہ (،)

C سوالیہ (؟)

D رابطہ (:)

23- 'شکست' لفظ کا متضاد کیا ہے؟

A فتح ✓

B ہار

C شاندار

D کامیابی

24- 'احمد کھانا کھا رہا ہے۔' یہ جملہ کس کی مثال ہے؟

A فعل مجہول کی

B فعل ناقص کی

C فعل معروف کی ✓

D فعل مستقبل

25- 'قدرداں' کا کیا مطلب ہے؟

A قدر کرنے والا ✓

B اقرار کرنے والا

C قائم کرنے والا

D جھوٹ بولنے والا

## حصّہ: ج

**(ہدایت:** اس حصّے میں کل 25 سوالات ہیں۔ آپ ان میں سے صرف 20 سوالوں کے جواب دیجیے۔**)**

26- بھارت کے دستور کا معمار کس کو کہا جاتا ہے؟

A ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو ✓

B احتشام حسین کو

C سبھاش چندر بوس کو

D سردار پٹیل کو

27- 'دست بدستی' کا کیا مطلب ہے؟

A ہاتھ میں پہننا

B جھگڑا کرنا

C ہاتھوں ہاتھ ✓

D صلح کرنا

28- 'بول بالا ہونا' محاورے کا کیا مطلب ہے؟

A عزّت میں اضافہ ہونا ✓

B شرمندہ ہونا

C بے عزّتی ہونا

D آواز تیز ہونا

29- 'خلعت' کا کیا مطلب ہے؟

A خالق

B جنّت

C قیمتی لباس ✓

D آواز

30- خدانے بیل بوٗٹوں کو کس سے اُگایا ہے؟

A اینٹ سے

B مٹّی سے ✓

C کاغذ سے

D ریت سے

31- 'نیکی اور بدی' نظم کے مطابق، کہاں پر ہر دم جھگڑے اُٹھتے ہیں؟

A محلوں میں

B دنیا میں ✓

C میدان میں

D آسمان میں

32- راجپوتوں کے سردار کا کیا نام تھا؟

A دلیپ سنگھ

B گگن دیپ سنگھ

C کلدیپ سنگھ

D رگھوپت سنگھ ✓

33- بارش کا پانی قدرتی طور پر کیسا ہوتا ہے؟

A گندا

B لال رنگ کا

C صاف ستھرا ✓

D پینے کے لائق نہیں ہوتا ہے

34- اردو زبان کی بناوٹ اور اس کا رنگ روٗپ سب۔۔۔۔۔ ہے۔

A پنجابی

B سندھی

C ہندوستانی ✓

D کشمیری

35- 'آلودہ' کے کیا معنی ہیں؟

A صاف

B گندا ✓

C خوشبو

D خوب صورت

36- 'دانتوں میں انگلیاں دبانا' محاورے کا کیا مطلب ہے؟

A خوشی کا اظہار کرنا

B لاعلمی کا اظہار کرنا

C افسوس کا اظہار کرنا ✓

D دولت کی نمائش کرنا

37- 'بہتر تو ہے یہی کہ نہ۔۔۔۔۔۔ سے دل لگے' (مصرع مکمل کیجیے۔)

A دولت

B محلوں

C شہرت

D دنیا ✓

38- 'عمر خضر' سے کیا مراد ہے؟

A تکلیف

B لمبی عمر ✓

C موت

D چھوٹی عمر

39- کس کی ناؤ پار اترتی ہے؟

A جو اوروں کو پار نہ اتارے

B تیرنے والوں کی

C دوڑنے والوں کی

D جو اوروں کو پار اتارے ✓

40- کس طرح کے لوگ اپنی تعریف خود ہی کرتے ہیں؟

A تہی مغز والے ✓

B امیر لوگ

C غریب لوگ

D بڑے لوگ

41- اعلیٰ تعلیم کے لیے ڈاکٹر امبیڈکر کو کہاں جانے کا موقع ملا؟

A انگلستان ✓

B امریکہ

C جرمنی

D جاپان

42- ڈاکٹر امبیڈکر کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

A تغلق

B مغل

C مہار ✓

D غلام

43- کہاں کی ہر چیز آنی جانی ہے؟

A اسکول کی

B دنیا کی ✓

C بازار کی

D ملک کی

44- رباعی کے پہلے، دوسرے اور چوتھے مصرعے کا۔۔۔۔۔۔۔ ہونا ضروری ہے؟

A ادھورا

B ہم ردیف

C ہم قافیہ ✓

D چھوٹا

45- کس کا نام سن کر بڑے بڑے مغل گھبراتے تھے؟

A دلیپ سنگھ کا

B گگن دیپ سنگھ کا

C رگھوپت سنگھ کا ✓

D کلدیپ سنگھ کا

46- کون اپنے بال بچوں کو لے کر جنگل میں جا چھپا تھا؟

A دلیپ سنگھ

B گگن دیپ سنگھ

C رانا پرتاپ سنگھ ✓

D کلدیپ سنگھ

47- شمالی ہند میں بولی جانے والی پراکرت کا کیا نام تھا؟

A تیلگو

B شورسینی ✓

C مہاراشٹری

D تمل

48- دراوڑ قوم کس طرف سے آکر ہندوستان میں بس گئی تھی؟

A شمال کی

B مشرق کی

C جنوب کی

D مغرب کی ✓

49- میر انیسؔ نے اپنی رباعی میں کس کو سرائے فانی کہا ہے؟

A میدان کو

B سرائے کو

C دنیا کو ✓

D اسکول کو

50- چھوُت چھات کی لعنت نے ملک کو کافی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پہنچایا۔(بیان مکمل کیجیے)

A نفع

B نقصان ✓

C ترقی

D فائدہ